AFKĀR *Journal of Islamic & Religious Studies*
Volume 6, Issue 1, March 2022, PP: 113-130
E-ISSN 2616-8588; P-ISSN 2616-9223
www.afkar.com.pk; hjrs.hec.gov.pk

عمل جراحی میں مخدرات کا استعمال، مسلمانوں کے کردار کا تاریخی جائزہ

A Historical Analysis of the use of Anesthesia by Muslims

Muhammad Muslim [1], Muhammad Zafar Iqbal Saeedi [2]
[1] *Lecturer, Islamic Studies, Govt. Khawaja Fareed Graduate College Rahim Yar Khan. Pakistan*
[2] *Visiting Lecturer, Bahauddin Zakariya University Multan, Pakistan*

ABSTRACT

The greatest human desire is to have excellent health and to take precautions against diseases, and throughout history, people have worked hard to achieve success in these areas. Every civilization had its own set of medical concepts and procedures. Muslim doctors and surgeons inherited a huge medical knowledge from all civilizations as a result they provided a primary research platform for rest of the world for all types medical treatments. As a result, they created a new branch of medical knowledge that laid the foundation for modern civilizations. The importance of surgery was increased during the Muslim era, and more than 60 prominent surgeons published their study, which captivated neighbouring civilizations, particularly European civilization. The contribution of Muslim medical experts in the field of anesthesia is significant and dates back to ancient times but they introduced several innovations in this field. Some of the most notable contributions included Al-Razi (865-925 AD), known as Rhazes, who wrote extensively on the use of anesthesia in surgical procedures. He was one of the first physicians who described the use of several medicines as a means of producing unconsciousness for surgical procedures. In the same way, the most prominent Muslim surgeon Al-Zahrawi (936-1013 AD) also known as Albucasis, was an Andalusian surgeon who used inhaled anesthesia for surgical procedures in his book "Kitab al-Tasrif". Afterwards Ibn Sina (980-1037 AD) also known as Avicenna, was a great Muslim physician, surgeon and philosopher who wrote extensively on medicine and surgery. He described the use of several medicinal plants as an anesthetic agent in his book "The Canon of Medicine". These and other contributions by Arab scholars helped lay the foundation for the development of modern anaesthesia and continue to influence the field today.

Keywords: *Muslim Surgeons,* Anesthesia, *Mukhaddirat, Musakkin Munnawim, Mirqad***.**

Corresponding author's email: muslimryk@gmail.com

تمام متمدن معاشروں میں انسانوں کے تقدس کو بہت اہمیت حاصل تھی اس لیے عمل جراحی کو بالعموم پسند نہیں کیا جاتا تھا کیونکہ اس سے انسانوں کو بہت زیادہ تکلیف ہوتی تھی۔ ان معاشروں میں رومی اور چینی بھی شامل تھے۔ یہی ناپسندیدگی جراحت کے فروغ کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ تھی جس کی وجہ سے عملِ جراحی کی طرف زیادہ توجہ نہ دی جاسکی اور اسی وجہ سے نئے آلاتِ جراحی کو بھی بنانے کے تصورات میں رکاوٹ رہی۔ عملِ تخدیر کی ایجاد سے قبل سرجری سے اس لیے بھی پرہیز کیا جاتا تھا کہ مریض سرجری کے عصبی صدمہ سے اکثر موت کا شکار ہو جاتا تھا، شاید یہی وجہ ہے کہ ول ڈیوراں ایمان کے عہد میں جب مسلمانوں اطباء کا تذکرہ کرتا ہے تو کہتا ہے:

"Arabic medicine was weakest in surgery, strongest in medicaments and therapy."[1]

ول ڈیوراں کا بیان جزوی طور پر تو درست ہے لیکن اس کو شاید عملِ تخدیر میں مسلمانوں کی کی جانے والی کاوشوں کا درست علم نہ تھا۔ مسلمان اطباء اور جراحوں نے اس میدان میں کافی کامیابیاں حاصل کی تھیں اور مسلمان جراحوں کی موجودگی اور ان کی کتب کی فراوانی بتاتی ہے کہ مسلمانوں کے عہد میں عمل جراحی اجنبی ہرگز نہیں تھا۔ اس لیے عمل جراحی کی کامیابی درحقیقت عمل تخدیر کی کامیابی کی مرہونِ منت ہے۔ ان مخدرات کے استعمال کی وجہ سے مریض کی تکلیف کو کنٹرول کر کے عمل جراحت کو قابلِ قبول بنایا گیا۔ مخدرات کو باضابطہ طور پر سائنسی انداز میں جراحی میں متعارف کرانے والوں میں الرازی، ابن سینا، ابو القاسم الزہراوی اور ابن القف الکرکی[2] سرفہرست ہیں۔[3] علمی بددیانتی یہ کہ اسفنجِ مخدر کی ایجاد کا سہرا اٹلی کے طبیب *William T.G. Morton (1819-1868)* کے سر باندھا جاتا ہے[4] اگرچہ اس نے اس عمل کو یورپ میں متعارف کرایا اس میں اوّلیت حاصل ہے لیکن مطلقاً اسے مخدرات کے استعمال میں اوّلیت ہرگز حاصل نہیں ہے۔ مشہور فرانسیسی محقق گستاؤلیبان بھی اس امر کا اقرار کرتا ہے کہ 'بے ہوشی کی دوا دینا بھی جو بالکل جدید ایجاد خیال کی جاتی ہے ان سے مخفی نہ تھی، وہ لکھتے ہیں کہ سخت عملیاتِ جراحی سے پہلے مریض کو کوئی مخدر دوا دینی چاہیئے جس سے وہ سو جائے اور اس میں حرکت باقی نہ رہے'[5]۔

مسلمان اطباء کے ہاں عمل تخدیر کے اہتمام کا اعتراف ول ڈیوراں اپنی کتاب میں ان الفاظ میں کرتا ہے:

"Anesthesia by inhalation was practiced in some surgical operations; hashish and other drugs were used to induce deep sleep."[6]

سنگھانے سے عمل تخدیر بعض اعمال جراحی میں کیا جاتا تھا۔ حشیش اور دوسری مخدرات گہری نیند کے لیے استعمال کی جاتی تھیں۔

علمی دیانت کا تقاضا یہ ہے کہ تاریخی حقائق کو مکمل معروضیت سے پیش کیا جائے اس لیے یہ تسلیم کرنے میں کوئی عار نہیں ہے کہ مسلمانوں کی یہ اوّلیت مطلق نہ تھی بلکہ مسلمانوں سے قدیم اقوام کو بھی بہت سی مخدرات، منومات اور مرقد ادویات کا علم تھا لیکن اس کے پیچھے مشاہدہ، سائنسی اندازِ فکر اور تجربی سائنس کے فقدان نے انہیں خطرناک ادویہ کی فہرست میں رکھ رکھا تھا اور ان سب سے بڑا مسئلہ مخدرات کے استعمال کے بعد مریض کو دوبارہ ہوش میں لانے کا تھا۔ کیونکہ مخدر کے استعمال کی وجہ سے ان کے نزدیک حرارتِ غریزی میں کافی کمی ہو جاتی تھی جس کی وجہ سے آدمی حیات سے کافی دور چلا جاتا تھا اس لیے دوبارہ حیات کی طرف لانا (انبعاث المریض) ایک مشکل امر تھا۔

T E Keys اور *K G Wakim* اس امر کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"عربوں کے عمل تخدیر میں عام مسکن ادویہ کا عمل جراحت میں استعمال نہ صرف منفرد تھا، بلکہ عملی طور پر درست اور مریض کے لیے شفقت کا موجب بھی تھا۔ اس کا اثر الکوحل کے استعمال سے بالکل مختلف تھا جو ہندوستانی، یونانی اور رومی استعمال کرتے تھے تا کہ اپنے مریضوں کی تکلیف

کو کم کریں لیکن یہ اس میں مکمل طور پر کامیاب نہ ہو سکتے تھے۔ اگرچہ موجودہ دور میں مخدرات کی دریافت کا سہرا اٹلی اور اسکندریہ کے اطباء کے سر باندھا جاتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ مخدر اسفنج کا استعمال خالصتاً عربوں کی ایجاد ہے اور اس سے قبل اس کا استعمال نہ ہوا تھا۔ یہ اسفنج حشیش، پوست اور سیاہ بھنگ کے رس میں ڈبویا جاتا تھا اور پھر اس کو دھوپ میں خشک کر لیا جاتا تھا۔ استعمال سے قبل اس کو پھر نم کر لیا جاتا تھا اور اس کو مریض کی ناک کے پاس رکھا جاتا تھا تا کہ یہ مخاطی جھلیوں mucus membranes کے ذریعے سے جذب ہو کر گہری نیند کا موجب بن جائے اور عمل جراحی کی تکلیف میں مریض کو راحت پہنچانے کا موجب بنے۔ یہ دریافت یورپ میں اس وقت تک استعمال ہوتی رہی جب تک کہ 1840 عیسوی میں جدید تخدیری طریقے ایجاد نہ ہو گئے۔"[7]۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ جدید تخدیری طریقے انہی تخدیری طرق کے ارتقاء کا نتیجہ ہیں جن کے بارے میں عرب اطباء اس سے قبل اپنی تحقیقات پیش کر چکے تھے۔

Chapter 13 – On pain relief
Severe pain may affect the organ which needs (surgical) treatment and prevents the surgeon from properly treating it. The cause of pain is either an acute substance pouring into it, on its nerve and its membranes, or surgery which affects both. In these instances, some measures should be taken to relieve the pain. So, the sick organ does not attract substances which increase its swelling and reduce its power, which is necessary to attain treatment.

فقد جاء في الفصل الثالث عشر من المقالة العاشرة تحت عنوان «في تسكين الالم» . . وينبغي أن تعلم أن التسكين على نوعين: حقيقي وغير حقيقي والاول هو المقابل للسبب الموجب للألم . . والغير حقيقي: المخدر وهو الذي يحتاج اليه الجرائحي في هذا الموضع. وتسكينه للألم على وجوه أربعة أحدها أنه يبرده يسد مسالك الروح ويمنع القوة الحساسة من النفوذ وعند ذلك يبطل الشعور بالمنافي أو ينقص فيسكن الوجع أو يبطل . . وثانيها أنه يبرده يغلظ جوهر الروح ويمنعه من النفوذ والسريان . . وثالثها أن الحس يتم بالحرارة والرطوبة والمخدر مزاجه بارد يابس فيكون مضاد له والمضاد للشيء من شأنه أن يضعفه ويكسر قوته ، ورابعها أنه بسميته التي فيه يضعف القوة الحساسة لذاته بل ولجميع القوى ومتى ضعف الحس ضعف الشعور بالوجع فيضعف الالم. والمسكن الاول الذي هو الحقيقي هو النافع المحمود العاقبة وأما الثاني فانه وان كان يحصل به التسكين للوجع أو التمكن من المعالجة غير أنه بمقدار ما ينقص من الوجع يضعف القوة ويجمد المادة الموجعة ويثبتها بالعضو فلذلك يجب على الجرائحي أن لا يقدم على استعماله الا عن أمر عظيم والله أعلم بالصواب. ويخرج القارىء لكتاب التصريف لمن عجز عن التأليف للزهراوي بنفس الانطباع.

Figure1 : Chapter 13 in which Ibn al Quff explains the causes of surgical pain and about pain relief. He indicates the presence of al tabbaee to administer analgesia and consultation in ninth word.[8]

Jasser اس کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ "مشرق کے عربوں کو مخدرات کے استعمال کا قرون وسطیٰ سے ہی علم تھا۔ وہ یا تو اس کو سونگھانے کے ذریعے سے استعمال کرتے اور اس کو اسفنج soporific sponge کے ذریعے سے استعمال کرتے تھے یا پھر عود کی خوشبو کے ساتھ مخدر مادوں کو جلا کر اس کے بخارات مریض کے سانس کے راستے سے اس کے اندر پہنچاتے تھے۔ بعض مخدرات منہ کے ذریعے سے استعمال کئے جاتے تھے۔ اس تکنیک میں شوکران *Conium maculatum (Hemlock)*، بنج اسود *Hyoscyamus niger* ، پوست *Papver somniferum*، بنج ابیض *Hyocymus albus* ، ستّ الحُسن *belladonna*، قنب ہندی *Cannabis indica* اور قنب مزروع *Cannabis Staivus* میں سے کسی کی تجویز دی جاتی تھی۔"[9]

عرب طبی ادب میں ہمیں عمل تخدیر کے لیے ایک اور بھی لفظ ملتا ہے اور وہ المرقد ہے۔ ابن خلکان نے اپنی اپنی تاریخ میں تحریر کیا ہے کہ عروہ بن الزبیر کے ٹانگ میں جب آکال gangrene کی وجہ سے تعفن پیدا ہو گیا تھا تو پاؤں کاٹنے کی تجویز اطباء نے دی تو جراح کو بلایا گیا تا کہ وہ اس کو کاٹ دے اور ان سے کہا کہ ہم آپ کو شراب پلائیں گے تا کہ آپ کو تکلیف نہ ہو تو انہوں نے کہا میں اللہ کی حرام کردہ سے مدد نہیں لینا چاہتا اور عافیت کا طلبگار ہوں لوگوں نے کہا کہ ہم آپ کو مرقد (سلانے والی دوا) پلائیں گے تو انہوں نے جواب دیا کہ میں اس کو پسند نہیں کرتا

کہ میرے اعضاء میں سے کوئی عضو کاٹا جائے اور مجھے اس کی تکلیف نہ ہو،... چھری سے ان کے ٹخنے سے پاؤں کاٹا گیا یہاں تک کہ ہڈی تک پہنچ گیا اور پھر ہڈی پر آری چلائی گئی اور ہڈی کو کاٹ دیا گیا اور وہ تکبیر و تہلیل کہہ رہے تھے۔ پھر لوہے کے برتن میں تیل ابالا گیا اور خون روکنے کے لیے اس کو اس پر ڈالا گیا۔[10] واضح رہے کہ عروہ بن زبیر مشہور تابعی ہیں اور مدینہ کے فقہائے سبعہ میں ایک معروف ہستی ہیں۔ لغوی طور پر المرقد ایسی دوا کو کہتے ہیں جو گہری نیند کا موجب ہو[11]۔ اسی طرح بارھویں صدی عیسوی کے عالم ابن الجوزی کی کتاب صید الخاطر نے منج (بنج / بھنگ) کی مخدر خصوصیت کو بیان کیا ہے[12]۔

بعد ازاں عملِ تخدیر میں تیزی سے ترقی سامنے آئی اور ابن سینا (متوفی 1037ء) جن مریضوں کے عضو کو کاٹنا مقصود ہوتا تھا اس کو پہلے ایک مشروب پلاتا تھا جس میں لُفَّاح (*mandragora*) اور دیگر منوم ادویات ہوتی تھیں تاکہ مریض کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔[13]

ابن سینا کی معارف کرائی جانے والی بیشتر ادویات آج بھی (*Anesthesiac Medicines*) کی فہرست میں موجود ہیں۔ ان میں افیون (*opium*)، لفاح (*mandrake*)، پوست کی دو اقسام (*poppy*) بھنگ (*henbane*) ، شوکران (*hemlock*) ، عنب الثعلب (*nightshade*) (*soporific black*)، خس کے بیج (*lettuce seeds*) اہم ہیں۔ اس نے اس فہرست میں ٹھنڈے پانی اور برف کو بھی شامل کیا تھا۔

عربوں نے مخدر اسفنج متعارف کرایا۔ علی بن عیسیٰ (*940–1010 AD*) دسویں صدی کا اہم اور مشہور طبیب تھا جس کی وجہ شہرت آنکھوں کے امراض کا علاج بذریعہ سرجری تھا وہ ان ابتدائی آنکھوں کا عرب طبیب تھا جس نے مخدر اسفنج کا استعمال سرجری میں شروع کیا اس عمل کو وہ عمل تنویم کہتا تھا[14] بعد ازاں ابن سینا نے یہ تجویز دی کہ منہ کے ذریعے مخدرات کا استعمال کرانا چاہئے[15] بہر حال عربوں کا مخدر اسفنج آج جدید جراحت میں بھی *soporific sponge* کے نام سے قدرے تغیر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ اس میں عطری مادوں *aromatics* اور مخدر مادوں *narcotics* کو ملا کر استعمال کیا جاتا تھا اور اس اسفنج کو مریض کے نتھنوں پر رکھ دیا جاتا ہے جس سے وہ بے ہوش ہو جاتا تھا اور عمل جراحی بسہولت ممکن ہو جاتا تھا۔ انہی مخدرات کی دریافت کی وجہ سے اسلامی دنیا میں عمل جراحت کا رواج بڑھا اسی وجہ سے علی بن عیسیٰ الکحال آنکھوں کی جراحت سے قبل بعض اوقات تخدیر کی سفارش کرتا ہے، جس کا ذکر تخدیر کی بحث میں آئے گا۔[16]

ابن النفیس (*1210–1288 CE*) نے اپنی کتاب الشامل میں جراحت کے دوران مریض کی حرکات کو محدود کرنے کے طریقے تحریر کیے البتہ محمد سعید المانی نے اپنے مقالہ میں ابن نفیس کی طرف ایک اقتباس نقل کیا ہے جس میں یہ ثابت کیا ہے کہ اس نے دوران جراحت مریض کو سختی کے ساتھ قابو کرنے یا باندھنے کی ترغیب دی ہے تاکہ عمل جراحت کے دوران حرکت سے اس کو کہیں کوئی ضرر نہ پہنچ جائے۔[17] لیکن یہ اقتباس ان کی نامکمل کتاب جو مطبوعہ ہے اس میں نہیں مل سکا، شاید اس کا کوئی مکمل نسخہ فاضل محقق کے پاس ہو، جس کی مجھے اطلاع نہیں۔

ابن نفیس کے شاگرد ابن القف نے اپنی کتاب العمدة فی صناعة الجراحة میں ایک پورا باب اس مقصد کے لیے وقف کیا ہے۔ ابن القف کا تعلق کرکوک سے تھا، لیکن اس کا سارا کام عربی میں ہے اگرچہ مذہباً عیسائی تھا لیکن اس نے علمِ طب مسلمانوں سے حاصل کیا۔ عیسائی ہونے کی وجہ سے وہ بعض اوقات حرام قرار دی جانے والی اشیاء (خنزیر کی چربی وغیرہ) کے خواص اور ان کے طبی استعمال کو بھی ذکر کرتا ہے، جس سے عموماً اس کے ہم عصر مسلمان اطباء نظر انداز کر جاتے ہیں۔ ابن القف ادویات سے علاج ہونے والے امراض اور جراحی سے علاج ہونے والے

امراض میں فرق کرتا ہے۔ اس مقصد کے لیے تشریح اعضاء ایک مجبوری بن جات ہے۔ چنانچہ اس کی کتاب العمدۃ فی الجراحۃ کا پہلا مقالہ ہی جراحت کی حد بندی اور اخلاط کے ذکر پر مشتمل ہے۔ اسی طرح چوتھا مقالہ بھی مرض کی قسم کے اعتبار سے جراحی کے محتاج امراض کے بارے میں ہے اور ورم کی تعریف، اس کالاحق ہونا اور ہر قسم کے ورم کے علاج سے متعلق ہے۔[18]

اسی طرح اس نے اپنی کتاب العمدۃ فی الجراحۃ کا گیارھواں باب ان مفردات پر تحریر کیا ہے جن کی ایک جراح کو ضرورت پیش آتی ہے۔ ابن القف کے نزدیک سرجری کا مقصد عضو کو خاص طبیعی حالت پر واپس لوٹانا ہے۔ چونکہ یہ طبیب اور سرجن بھی اخلاطِ اربعہ کے نظریہ کا حامل ہے اس لیے قابلِ جراحت امراض کو اخلاق کے اعتبار سے ابواب میں تقسیم کرتا ہے[19]۔

ایک اہم عرب سرجن ابن القف کا خصوصی کام عمل جراحت میں ہونے والی تکلیف کو کم سے کم کرنا ہے۔ اس سلسلے میں اس کی کتاب العمدہ نہایت عمدہ ہے جس میں اس نے طبیب کے لیے یہ تجویز دی ہے کہ وہ مختلف دافع درد ادویات کا آمیزہ مریض کو دے تاکہ عمل جراحت ممکن بنایا جاسکے۔ ان ادویات کے استعمال کے طریقوں میں سنگھانا، کھلانا اور حقنہ کے ذریعے مریض کو دینا شامل تھے۔ اس کی مخدرات کی فہرست میں ادویات آج بھی (*anesthesia*) کے لٹریچر کا حصہ ہیں۔ ان میں افیون(*opium*) ، لفاح(*mandrake*)، بنج الابیض (*Hyocymus albus*)، ست الحسن (*belladonna/ Atropa belladonna*)، حشیش(*Cannabis sativus*)، قنب ہندی (*Cannabis Indica*)، جنگلی خس(*wild lettuce*)وغیرہ شامل ہیں۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب جراح عموماً نباتات کو ہی بطور درد کش اور مسکن ادویات کے استعمال کرتے تھے، اگرچہ بعد ازاں الرازی اور ابن سینا کے ہاں کبریتِ احمر جیسی معدنیات بھی استعمال ہوتی نظر آتی ہیں، لیکن ان کے نزدیک معدنیات کی بجائے نباتات کا استعمال زیادہ محفوظ تھا۔ اور ان کے ہاں مخدرات کے استعمال پر اختلافی بحث بھی موجود تھی اس کی وجہ ان کا بعد میں دریافت ہونے والے علم وظائف الاجزاء اور خصائص الادویہ سے لاعلمی تھی۔ وہ ابھی تک یونانیوں کے اخلاطِ اربعہ کے نظریہ کے ساتھ سختی سے وابستہ تھے۔ اگرچہ اس دور میں ان پرانے نظریات پر تنقید شروع ہو چکی تھی جیسا کہ ابن النفیس نے *pulmonary circulation* کا نظریہ پیش کیا[20] اور ابن القف نے عروق شعریہ *capillary* کا وریدوں سے تعلق دریافت کیا تھا۔[21]

مخدر ادویات یا تو منہ کے راستے دی جاتی تھیں یا بعض اوقات سنگھائی جاتی تھیں اور بعض اوقات بطریقِ حقنہ مقعد کے راستے سے بھی دی جاتی تھیں۔ مثال کے طور پر حشیش، افیون، لفاح جیسی مخدرات منہ کے راستے دی جاتی تھیں۔ دوسری طرف افیون، لفاح اور بنج وغیرہ خوشبو کی طرح سنگھانے کے ذریعہ سے بھی استعمال کی جاتی تھیں۔ چونکہ جنگلی خس میں خوشبو پائی جاتی تھی اس لیے اس کے ساتھ مخدر ادویات کو ملا کر سنگھایا جاتا تھا[22] یہاں یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہو گی کہ خوشبو کے ذریعہ سے مسلمان اطباء بہت سی ادویات کو مریض کو دیتے تھے اور ان کا خیال تھا کہ جو ادویات دماغ تک پہنچانی ہوں انہیں خوشبو کے ساتھ دینا چاہیے، جبکہ خوشبو براہِ راست دماغ تک نہیں پہنچتی بلکہ یہ ایسی ادویات ہوتی ہیں جو بلغمی جھلیوں کے ذریعے سے جسم میں جذب ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ اس طرح اگرچہ پس منظر میں معلومات مکمل درست نہیں تھیں لیکن اشیاء کے استعمال کا طریقہ درست تھا۔ مسلمان اطباء نے نہ صرف ان مخدرات کی مقداریں متعین کیں بلکہ ان مقداروں کے ساتھ بے ہوشی کے دورانیے کا بھی تعین کیا۔ مثال کے طور پر بو علی سینا لفاح کا ایک مثقال تین سے چار گھنٹے کی بے ہوشی کے لیے کافی قرار دیتا ہے۔ اسی طرح

خارجی استعمال کے لیے افیون چار مثقال اور زعفران ایک مثقال گائے کے دودھ میں رگڑ کر استعمال کرنا تجویز کرتا ہے۔ زعفران چھ درہم خارجی استعمال کے لیے تجویز کرتا ہے۔ بھنگ چھ درہم اور افیون دس درہم استعمال کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔[23] اس کے برعکس ابن القف کم مقدار کے استعمال کی سفارش کرتا ہے اس طرح سے وہ مضر اثرات کو بھی کم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔[24]

مشہور مستشرق گستاف لیبان تسلیم کرتا ہے کہ علم جراحت اور اس کی بہت سی ابتدائی ایجادات بھی عربوں کی دین ہیں، ماضی قریب تک ان کی کتب میڈیکل کالجز میں حوالہ کا کام دیتی رہیں۔ گیارھویں صدی میں بھی عرب سفید موتیے کا علاج عدسے سے جھلی کو باریک کر کے یا نکال کے کرتے تھے اسی طرح وہ پتھری کو باریک کر کے نکالنے کا کام کرتے تھے جیسا کہ ابو القاسم نے وضاحت سے کی ہے۔ نکسیر کو ختم کرنے کے لیے ٹھنڈا پانی انڈیلنے کو جانتے تھے۔ اسی طرح داغ کے علاج اور فتیل بتی رکھنے کو بھی جانتے تھے۔ وہ نیند آور ادویات کو جانتے تھے جسے آج کی ایجاد سمجھا جا رہا ہے کہ وہ سرجری سے قبل مریض کو سلانے کے لیے زؤان کا استعمال کرتے تھے (تاکہ اس کے درد اور احساسات ختم ہو جائیں)[25]

چودھویں صدی عیسوی تک معاملہ یہاں تک ترقی کر چکا تھا کہ مریض کی تخدیر کے لیے علیحدہ طبیب اور جراحی کے لیے جراح کو علیحدہ کر دیا گیا جیسا کہ ابن القف کی کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے عمل تخدیر کی ذمہ داری طبیب یا مرقد پر اور عمل جراحت کی ذمہ داری جراح پر عائد کی ہے۔[26] اس کے بعد جلد ہی ایک تیسرے طبی ماہر کی ضرورت بھی محسوس کی گئی جو اپنی انگلی مریض کی نبض پر رکھے ہوئے ہوتا تھا تاکہ اس کو یہ معلوم ہو کہ مریض کی حالت کیسی ہے، اب بھی یہ طریقہ مستعمل ہے اور آثارِ حیات کی نگرانی کا سلسلہ جدید مشینوں پر منتقل کر دیا گیا۔ مریض کو دوبارہ ہوش میں لانے کی ذمہ داری طبیب اور جراح دونوں پر عائد کی جاتی تھی۔ اس کی ضرورت اس وجہ سے پیش آئی کہ اطباء کو حرارت غزیری کی کمی کی وجہ سے یہ خدشات پیدا ہوئے کہ کہیں مریض بے ہوشی کے عالم میں اگلے جہان کو نہ سدھار جائے اس لیے اس کے بروقت سدِباب کے لیے تیسرے طبیب کو استعمال کیا گیا۔ یوں سمجھیے کہ اس دور کی مانیٹرنگ آلات کی جگہ ایک طبیب کو رکھا گیا تھا۔

اس نوع کی ادویات کو عرب اطباء نے تین بڑی اقسام میں تقسیم کیا ہے، منوم، مسکر، مخدر۔ اس کے علاوہ مسکن کے الفاظ بھی عموماً طبی لٹریچر میں ملتے ہیں۔ ان میں سے منوم ایسی ادویات ہیں جو طبعی نیند کے مشابہ نیند کا موجب بنتی ہیں، یہ سب سے ہلکی قسم ہے اس میں گہری اور ہلکی نیند کی تفریق بھی کرتے ہیں۔ مسکر منوم سے زیادہ قوی تغیر ہوتا ہے جس میں مسکر کے اثرات زائل ہونے تک حواس مختل رہتے ہیں اور فرد کو کامل شعور میں لایا جانا ممکن نہیں ہوتا جب کہ نیند سے بیداری سے ہی عموماً کامل شعور بحال ہو جاتا ہے۔ ان کے مقابلے میں مخدرات سب سے قوی ہوتے ہیں کیونکہ یہ احساس کو عموماً منقطع کرنے کا موجب ہوتے ہیں۔ عمل جراحت میں عموماً مخدرات کو تنہاء یا تاثیر قوی کرنے کے لیے منومات و مسکرات سے ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لیے اللجنۃ الدائمۃ نے بھی اپنے فتویٰ میں عموم و خصوص کی نسبت کا خیال رکھا ہے۔ اِذ کل مخدر مسکر، و لیس کل مسکر مخدر[27] کہ ہر مخدر مسکر ہوتی ہے لیکن ہر مسکر مخدر نہیں ہوتی۔ طبی لٹریچر میں مسکن کا مفہوم عموماً درد و الم کو تسکین پہنچانے والی ادویات ہیں، جو عمل جراحت سے قبل یا اس کے بعد استعمال کی، عمل جراحت کے دوران مسکر اور مخدر ہی استعمال ہوتے ہیں۔

محمد بن زکریا الرازی کی طبعی نیند کی تعریف اخلاطِ اربعہ کے نظریہ سے ماخوذ ہے۔ ان کے نزدیک جب حرارتِ غریزہ کو وافر رطوبات کی ضرورت ہوتی ہے تو حرارت غزیرہ پیٹ میں مرتکز ہوتی ہے تاکہ اس علت کی خاطر وہ انتڑیوں اور پیٹ میں طلب رطوبت کے لیے جمع ہو۔[28] الرازی منوم ہونے میں قوی و ضعیف تاثیر کی درجہ بندی بھی کرتا ہے چنانچہ ابن ماسویہ کے حوالے سے لکھتا ہے ''بسفنج (بنفشہ) معتدل نیند کا

موجب ہے، جب کہ نیلوفر اس سے قوی ہے، جب اُشنہ (چھڑیلہ) کو مشروب میں ڈال کر پلایا جائے تو یہ گہری نیند کا مشروب بن جاتا ہے۔"[29]
'اگر کرسنہ کے دانے کے بقدر افیون لی تو معتدل نیند آئے گی اور زیادہ افیون لی جائے تو زیادہ نیند آئے گی اور اس سے جگانا مشکل ہو گا۔'[30]
الرازی نے اپنی طبی معلومات اور تجربات کے حوالے سے نہایت فراخدلی سے یونانی اطباء کے کردار کو سراہا ہے بلکہ جابجا ان کے حوالہ جات بھی دیئے ہیں ان کے تجربات میں اضافہ بھی کیا ہے مثال کے طور پر جالینوس کے حوالے سے الرازی نے لکھا ہے کہ وہ بڑھاپے میں بے خوابی کے لیے پسا ہوا خس استعمال کرتا رہا ہے اور اس کے نزدیک اس سے اچھی دوا نہیں تھی۔[31]

عرب اطباء کو ایک بڑی فوقیت یہ حاصل رہی کہ انہوں نے مخدرات و منومات کی قوت و ضعف کے اعتبار سے بہتر درجہ بندی کی، ان کی مقداروں اور اوزان کو درست کیا، ان کے بدرقہ جات کو بہتر بنایا۔

مخدرات کو مختلف عطوری مادوں میں ملا کر اس کے ناک اور منہ کی جھلیوں اور پھیپھڑوں میں انجذاب کو بہتر بنانے کی کوشش کی۔ عرب اطباء نے مخدرات کے مضمرات کو کنٹرول کرنے کے لیے بہتر حکمتِ عملی اپنائی، ان کے ساتھ ایسی ادویات کو شامل کیا جو ان کے مضمرات کو ہلکا کرنے کی موجب تھیں، بالخصوص حرارت غزیری کو برقرار رکھنے والی ادویات، جو دوبارہ مریض کو ہوش میں لانے میں معاون ثابت ہوتی تھیں۔ جیسا کہ ابن القف جریانِ خون کو روکنے کے لیے خون کے قوام کو گاڑھا کرنے والی ادویہ میں خشخاش، مسور، عناب وغیرہ کو شامل کرتا ہے اسی طرح منومات کو بھی اس مقصد کے لیے مفید پاتا ہے کیونکہ اس کے نزدیک منومات مواد کو حرارت الغزیرۃ کے باطن کی طرف میلان کی وجہ سے باطن کی طرف مرتکز کرتا ہے۔[32] اسی طرح وہ ریشمی دھاگے سے شریان کو باندھ کر خون روکنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اسی طرح جریانِ خون کی جگہوں پر برف وغیرہ رکھنے کو کو بھی مفید بتاتا ہے۔[33]

مسلمانوں سے زیادہ قدیم اطباء کچھ اشیاء کو کھلانے یا پلانے سے اس کے مخدر اثرات سے واقف تھے، لیکن کھلائی جانے والی مقدار زیادہ ہوتی تو عموماً ہلاکت کا موجب بن جاتی، کم ہوتی تو مریض کو تکلیف میں تخفیف نہ ہوتی۔ مسلمان اطباء نے اسفنج مخدرہ کی ایجاد سے سانس کے راستے مخدرات دینے کی طرح ڈالی، کہ مادہ مخدر مکمل کنٹرول کے ساتھ مریض کے اندر جائے کہ دورانِ جراحت تو اس کے حواس مختل رہیں لیکن جونہی ہو عمل جراحی سے باہر آئے اسے دوبارہ ہوش میں لانا ممکن ہو۔ اسی چیز نے آگے چل کر مخدر اسفنج کی شکل میں ترقی کی اور آج یہ ایجاد مخدر اسفنج کے ساتھ گیسوں کی شکل میں انستھیزیا کے عمل کی صورت میں موجود ہے۔ اس کے ساتھ ہی ان کے دور میں *local anesthsia* کا سلسلہ بھی جاری تھا، مثال کے طور پر الرازی بہت سی سرجریوں سے قبل ٹھنڈے پانی کے استعمال سے مخدر خصوصیات حاصل کرنے کی بات کرتا ہے یا دیگر ادویات بھی استعمال کی جاتی تھیں، لیکن یہ عملِ جراحت میں وسیع پیمانے پر استعمال نہیں ہو رہے تھے بلکہ اس کی بجائے زخموں یا اعصابی دردوں میں تخفیف الم کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ موجودہ دور میں اس میں جو اضافہ ہوا اس میں عروق بدنیہ سے موادِ مخدرہ کو انسانوں میں شامل کرنا ہے جس کو آج بھی خطرناک ہونے کی وجہ سے کم پسند کیا جاتا ہے۔

عرب اطباء ٹھنڈے پانی کو مخدر خصوصیت کی وجہ سے کافی پسند کرتے تھے کیونکہ اس سے جان کو نقصان نہیں ہوتا تھا، اس سے دو فائدے حاصل ہوتے تھے ایک تو لوکل انستھیزیا کا موجب بنتا تھا دوسرا عمل جراحت کے دوران خون کے بہاؤ کو روکنے میں بھی مؤثر ثابت ہوتا تھا۔ چنانچہ ابوالقاسم بھی آنکھ کے آپریشن کے بعد خون کو ٹھنڈے پانی سے بند کرنے کو تجویز کرتا ہے۔[34]

قطع عضو سے قبل اس پر ٹھنڈا پانی ڈال کر تخدیر کی کوشش بھی گئی ہے۔ اسی طرح دانت کے درد میں بھی برف کی تکمید کی جاتی تھی۔[35] آپریشن تھیٹرز میں ماحول کو ٹھنڈا رکھا جاتا ہے تاکہ اس برودت سے وہی فائدہ حاصل کیا جاسکے جو عرب اطباء سرد پانی سے حاصل کرتے تھے۔

الرازی نے خس کو کھانے کے بجائے سونگھا کر اس سے نیند لانے کی کو پسند کیا اور اس نے خس کا ایک فتیلہ بنایا اور اسے روغن بادام میں چرب کیا، بنفشہ کی خوشبو میں بسایا اور خشخاش میں اسے رکھا اور خالص بنفشہ میں ایک رائی کے برابر افیون حل کی، اسے ناک سے چڑھایا۔[36]

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ماضی میں جو ادویات صرف کھانے کے لیے مستعمل تھیں مسلمان اطباء نے ان کے استعمال کے اور طریقے بھی دریافت کیے اور کھانے کے علاوہ ان کا استعمال بھی عمل میں لائے جو کم مضرت رساں تھا۔

الرازی جہاں نیند لانے کے لیے کھلانے والی ادویات سے بحث کے ساتھ خارجی استعمال کی اشیاء پر بھی بحث کرتا ہے اور در حقیقت وہ اس طریقہ سے بخارات کو جسم میں پہنچا کر منومات کی تاثیر کو ہلکا کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ مریض کو زیادہ نقصان نہ ہو۔ مثلاً اس نے نیند لانے کے نسخہ کو بیان کرتے ہوئے افیون اور زعفران کے ایک چھوٹے ٹکڑے کو پیس کر تھوڑا تھوڑا عرقِ گلاب میں ڈال کر چہرے، پیشانی اور سر پر لگانے کی (ضماد) سفارش کی ہے جس سے گہری نیند آتی ہے۔[37] ابن القف بھی درد کی تسکین کے لیے خشخاش کو تیل میں ملا کر طلاءً استعمال کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔[38] اسی طرح وہ عنب الثعلب کو بھی ورم اتار کر کے نیند کا موجب بتاتا ہے، اسی طرح اس کا ضماد سر درد کے لیے مفید بتاتا ہے۔[39]

الرازی نے اس طرح سے اس نے افیون کو زعفران اور عرق گلاب جیسے بخورات کے ساتھ استعمال کر کے اسے ناک کی جھلیوں کے ذریعے نہایت قلیل مقدار میں مریض میں پہنچا کر اپنا مقصد حاصل کرنے کی کوشش کی۔ اسی طرح شدید بے خوابی میں وہ تجویز کرتا ہے کہ یبروح (*Mandragora officinarum*) کی جڑ کے چھلکے، سیاہ بھنگ کے بیج، افیون کو خس کے پانی میں گھس کر ایک کنپٹی سے دوسری کنپٹی تک لگایا جائے جس سے سر بھاری ہونا شروع ہو جاتا ہے اور آدمی سو جاتا ہے۔[40] یہاں بطور بخور خس کے پانی کو استعمال کیا جبکہ یبروح، سیاہ بھنگ، افیون سبھی شدید منوم تاثیر رکھتے ہیں۔ اسی طرح شدید قسم کی بے خوابی میں، ایک نسخہ میں، منومات جیسا کہ یبروج (*Atropa mandragora*)، تیز پات، شاہ پسند (*Verbena officinalis*) قسط (کوٹھ)، سرخدار، اصطرک (*Styrax officinalis*)، اشق (*Doreama ammoniacum*)، مقل (گوگل)، اَصل اللفاح (*Mandragora officinarum*)، افیون کو صنوبر کی لکڑی کے کوئلوں پر بخارات کی صورت میں سونگھانے کو تجویز کرتا ہے۔[41]

ان مخدرات کا مقامی استعمال کئی صورتوں میں درد میں تسکین پہنچانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا تھا، مثلاً الرازی کان کے درد میں مسکن تیلوں کی تکمید کی سفارش کرتا ہے۔[42] اسی طرح کڑوے بادام کا تیل، البان کا تیل، سفید بھنگ کا تیل بھی کان کے درد میں تجویز کرتا ہے۔[43] ان کے استعمال کا مقصد اعصاب کو تقویت پہنچانا تھا کان کے درد کا موجب تھے۔ اسی طرح رحم کے درد کے لیے بھی بھنگ کے تیل کے استعمال کی سفارش کرتا ہے۔[44] بعض اوقات شیافہ کے طور پر ایسی اشیاء کے استعمال کی تجویز کرتا ہے جیسا کہ بابونج کے بیج، کتان کے بیج، سفید اور سرخ بھنگ کا عصارہ بھی دیگر ادویہ کے ساتھ ملا کر بطور شیافہ استعمال کرنے سے درد کا علاج کرنے کی تجویز پیش کرتا ہے۔[45] کرفس کے بیج، خطمی، شلجم کے بیج، بابونج، بطخ کی چربی، شبث کا تیل وغیرہ جو مخدر تو نہیں البتہ درد کو تسکین دیتی ہیں کیونکہ اس میں ہلکی درد کش تاثیر موجود ہے کو بھی خارجی استعمال کے لیے استعمال کراتا ہے۔[46] الرازی ابن ماسویہ کے حوالے سے خس کے بیج، خشخاش کے بیج اور اس کا پوست، لفاح کا چھلکا،

جفری کا چھلکا، شوکران، افیون سبھی مخدر ہیں، انہیں طلا کے طور پر ماء الکزبرۃ الرطبۃ اور ماء الخلاف، یا عرقِ گلاب، پوری پیشانی پر طلاء کرنے کا کہتا ہے۔ اسی طرح وہ افسنتین کو پلٹس کے طور پر سر پر باندھنے کو مخدر قرار دیتا ہے[47]۔ بعض اوقات مخدرات کو تیل میں استعمال کرنے کی سفارش بھی کرتا ہے جیسا کہ وہ اذخر اور الاصطرک کے تیل کو سر پر لگانے کو سر کو بوجھل کر کے نیند لانے کا موجب قرار دیتا ہے۔[48]

اللفاح اور افیون کو سونگھنے کو بھی مخدر قرار دیتا ہے۔ شبث کو تیل میں پکا کر طلاءً استعمال کرنا بھی مخدر قرار دیتا ہے۔ خشخاش کو پکا کر نطولاً، طلاءً، اکلاً تینوں طرح سے نیند کے لیے استعمال کرنے کا کہتا ہے۔[49]

ابن القف نے مختلف قسم کے زخموں کے لیے مختلف قسم کی مرہموں، تیلوں، ضمادوں، شیافوں کی تیاری کا بھی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔[50] ابن القف افیون خشخاش سیاہ کے عصارہ کو یا اس کے خشک دودھ کو قرار دیتا ہے، ذہن کے لیے مخدر، منوم، طلاءً درد کو روکنے والا قرار دیتا ہے۔[51]

ابن القف درد کی تسکین اور قطع الم میں فرق کرتا ہے۔ جوہر روح کو سرد کرنے والی اشیاء سے دفیعہ الم کو تسلیم کرتا ہے۔ اپنی کتاب کے تیرھویں باب میں القف عمل جراحی کے دوران ہونے والی تکلیف کے اسباب کی وضاحت کرتا ہے اور اس کے ازالہ کی صورتوں سے بحث کرتا ہے۔ اس میں وہ ان تمام مخدرات کا ذکر کرتا ہے جن کا ذکر اس کے پیشرو ابن سینا وغیرہ کر چکے تھے۔ ابن القف کے بقول:

''درد کا ازالہ دو قسم کا ہے حقیقی ازالہ درد اور غیر حقیقی ازالہ درد۔ حقیقی ازالہ درد تو درد کے سبب کا ازالہ ہے خواہ وہ اس کے تسلسل کو منقطع کرنے کی صورت میں ہو، جیسے زخم وغیرہ میں ہوتا ہے جیسا کہ جالینوس نے کہا ہے یا ابن سینا کے بقول سبب کے ازالہ کی صورت میں ہو۔ جہاں تک معاملہ غیر حقیقی ازالہ الم کی بات ہے تو یہ مخدرات کے استعمال سے حاصل ہوتا ہے اور اسی کی جراح کو دوران جراحت ضرورت ہوتی ہے۔ یہ درد کا ازالہ چار طریقوں سے کرتا ہے۔ پہلا یہ کہ یہ اپنی ٹھنڈک کی وجہ سے روح کی نالیوں (شاید وہ حسی اعصاب کہنا چاہتا ہو) بند کر دیتا ہے تاکہ تکلیف کے احساسات ان نالیوں (حسی اعصاب) سے داخل نہ ہو سکیں۔ اس سے وہ احساسات کو کم کرتا ہے اور درد میں تخفیف یا تحفظ ہو جاتا ہے۔ دوسری صورت یہ کہ اپنی سردی کی وجہ سے یہ روح کے جوہر کو سرد کر دیتے ہیں اور درد کو اندر گھسنے اور گھومنے سے روکتے ہیں۔ تیسری صورت یہ ہے کہ چونکہ درد کا احساس گرمی اور نمی کی موجودگی کی وجہ سے ہوتا ہے اور مخدرات سرد اور خشک ہوتے ہیں اس لیے یہ اس کو مزاحم ہو جاتے ہیں۔ یہ اس احساس کی قوت کو کم کرتے ہیں اور اس کو کمزور کرنے کا موجب بنتے ہیں۔ چوتھی صورت یہ ہے کہ چونکہ مخدرات میں کچھ نہ کچھ سمی اثرات موجود ہوتے ہیں اس لیے احساس کی قوت کمزور ہو جاتی ہے جس کے نتیجے میں درد کم ہو جاتا ہے۔ پہلی قسم کا حقیقی ازالہ الم بہت مفید ہے اور اس کے نتائج بھی عمدہ ہیں لیکن دوسری قسم کا ازالہ الم اگرچہ درد سے نجات تو دیتا ہے یا پھر یہ عمل جراحت میں استعمال ہوتا ہے، جہاں یہ درد کو کم کرتا ہے وہیں قوت حیات کو بھی کمزور کرنے کا موجب بنتا ہے اور درد پیدا کرنے والے مادوں کو اعضاء میں منجمد کر دیتا ہے اس لیے جراح کو چاہئے کہ ان مخدرات کو صرف بڑے کاموں کے دوران استعمال کریں۔''[52]

مسلمان اور عرب اَطباء یونانی اَطباء کے پیش کردہ اخلاطِ اربعہ کے نظریہ سے متفق تھے اس لیے اورام و دنابیل کی کی گروہ بندی اخلاطِ اربعہ کے مطابق ہی کرتے تھے اور اسی کے مطابق ادویات کی گروہ بندی کرتے تھے اور مختلف قسم کے امراض میں مزاج کی مناسبت سے مخدرات کی تجویز کرتے تھے۔ مخدرات کے عمل کی توجیہات بھی ان کے ہاں اخلاطِ اربعہ کے اُصول کے مطابق ہی نظر آتی ہیں۔ مثال کے طور پر ابن القف کہتا ہے کہ حسی قوت کو ضعیف کرنے والی ادویات شعور کو بھی کمزور کرتی ہیں۔[53] اسی طرح ابن القف الکر کی شبث کو منوم قرار دیتا ہے

